Halton District School Board

یہ خط درج ذیل زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے:

عربی(العربية)	فرانسیسی(Français)	ہندی(हिंदी)	پنجابی(ਪੰਜਾਬੀ)
سادہ چینی زبان(中文)	ہسپانوی(Español)		اردو(URDU)

دیگر زبانوں کے لئے، یہاں کلک کریں۔

4 جنوری، 2021

عزیز والدین / سرپرست،

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ (HDSB) طلباء کے لئے، سیکھنے میں مدد گار، شمولیت والا اور باعزت ماحول مہیّا کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ ایسا کرنے کے لئے ہمیں تمام طلباء اور خاندانوں کی ضروریات کو مکمل طور پر سمجھنا ہو گا۔ جنوری 2021 سے ہم سٹوڈنٹ سین سَس (طلباء کی مردم شماری) شروع کر رہے ہیں جو شناختی بُنیاد کا ڈیٹا، رازدارانہ طریق پر اکٹھا کرے گا۔

اونٹاریو کے تمام سکول بورڈز کو اینٹی ریسزم ایکٹ 2017 اور اونٹاریو کے ایجوکیشن ایکویٹی ایکشن پلان کے تحت شناختی بنیادوں پر ڈیٹا جمع کرنا اور آگے پیش کرنا ہے۔ سٹوڈنٹ سین سَس کے تحت جمع کردہ یہ ڈیٹا ایچ ڈی ایس بی اور ہمارے سکولوں کی مدد کرے گا کہ:

- تمام طلباء کی کامیابی اور بہبود میں مدد کے لئے، طلباء اور خاندانوں کی ضروریات کو مکمل طور پر سمجھا جائے
- امتیازی اور تفریق کرنے والے طور طریقوں، دانستہ اور منظم رکاوٹوں اور تعصب کی پہچان کی جائے اور ان سے چھٹکارا پایا جائے تا کہ مساوی مواقع اور نتائج کو یقینی بنایا جا سکے
- نیز ایسے طلباء اور پروگراموں کے لئے وسائل مختص کئے جائیں جہاں ضرورت، سب سے زیادہ ہو۔

سٹوڈنٹ سین سَس کیسے اور کہاں کیا جائے گا؟

طلباء کی مردم شماری (سٹوڈنٹ سین سَس) جنوری تا مئی 2021 میں کی جائے گی۔ گریڈ 4 تا 12 تک کے طلباء کو اِن کے ایچ ڈی ایس بی اکاؤنٹ پر ایک ای میل موصول ہو گی جس میں دورانِ کلاس الیکٹرونک طریقہ سے مکمل کیا جانے والے، سٹوڈنٹ سین سَس کا ایک محفوظ لنک بھیجا جائے گا۔ سٹوڈنٹ سین سَس کے عمل کا دورانیہ کلاس کے تقریباً ایک پیریڈ کے برابر ہو گا اور اِس میں طلباء سے اُن کی شناخت (جیسے نسل، مذہب / اعتقاد، صنفی شناخت وغیرہ) نیز سکول میں اُن کے تجربات (جیسے حفاظت، وابستگی، غیر نصابی سرگرمیاں وغیرہ) قسم کے سوالات شامل ہوں گے۔

Street Address: J.W. Singleton Education Centre • 2050 Guelph Line, Burlington, Ontario L7P 5A8
Mailing Address: J.W. Singleton Education Centre • P.O. Box 5005, Stn. LCD 1, Burlington, Ontario L7R 3Z2
Phone: 905-335-3663 | 1-877-618-3456 Fax: 905-335-9802
www.hdsb.ca

کنڈر گارٹن تا گریڈ 3 تک کے طلباء کے والدین / سرپرست،، سکول میسنجر پر ایک انوی ٹیشن وصول کریں گے جس کے ذریعہ وہ، اپنے بچہ کی طرف سے سٹوڈینٹ سینسس مکمل کر سکیں۔

ایچ ڈی ایس بی، میرے بچوں کی معلومات کی حفاظت کیسے کرے گا؟

طلباء و خاندانوں کی معلومات اکٹھا کرنے کے بارہ میں ایچ ڈی ایس بی، انتہائی درجہ کے اِخفاء و رازداری (پرائیویسی و کانفیڈ نشیلٹی) کو یقینی بناتا ہے۔ سٹوڈنٹ سین سَس ڈیٹا اینٹی ریسزم ایکٹ 2017 S.O c.15 2017۔ دی ایجوکیشن ایکٹ R.S.O 1990, c.E.2 کے تحت جمع کیا جاتا ہے جو کہ میونسپل فریڈم آف انفارمیشن اینڈ پروٹیکشن آف پرائیویسی ایکٹ R.S.O 1990c.M.56 کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

سٹوڈنٹ سین سَس کانفیڈ نشل ہے تاہم یہ گمنام نہیں ہے۔ مہیّا کردہ جوابات، ایک محفوظ اور کانفیڈ نشل ڈیٹا بیس میں رکھے جائیں گے جہاں ایچ ڈی ایس بی کے طلباء کے مابین رجحانات کی پہچان واِن کے خلاصہ کے لئے، صرف ایچ ڈی ایس بی کے مجاز، ریسرچ اینڈ اکاؤنٹیبلٹی کے عملہ کی رسائی ہو گی۔ تجزیہ کے لئے، طلباء کے انفرادی جوابات کی گروہ بندی کر دی جائے گی تا کہ طلباء کی انفرادی معلومات کبھی بھی پہچانی نہ جا سکیں۔

سٹوڈنٹ سین سَس میں شمولیت

تمام طلباء کی آواز کی عکّاسی کرنا، سٹوڈنٹ سین سَس کے لئے از حد ضروری ہے لہٰذہ جتنے زیادہ جوابات ہم تک پہنچیں گے، یہ ڈیٹا اتنا ہی موثر طریق پر مطلع کرنے اور منصوبہ بندی، اور سیکھنے کے لئے ماحول میں بہتری لانے میں مددگار ثابت ہو گا۔ سٹوڈنٹ سین سَس مکمل طور پر رضاکارانہ / خود اختیاری ہے اور **طلباء، اور والدین / سرپرست ہر ایسے سوال کو چھوڑ سکتے ہیں جس کا جواب، وہ نہ دینا چاہیں۔** اگر اپنے بچہ کی شمولیت کے بارہ میں آپ کے کچھ تحفظات ہوں تو براہِ کرم درج ذیل پر ای میل کریں: studentcensus@hdsb.ca

سوالات؟ اگر سٹوڈینٹ سین سَس کے بارہ میں آپ کے کوئی بھی سوالات ہوں تو سٹوڈینٹ سین سَس کے ویب پیج پر موجود اکثر پوچھے گئے سوالات (ایف اے کیوز) ملاحظہ کریں۔ مزید معلومات کے لئے 8 دسمبر 2020 کو منعقد کردہ ورچوئل ایچ ڈی ایس بی سٹوڈینٹ سین سَس انفارمیشن سیشن کی ریکارڈنگ ملاحظہ فرمائیں۔ آپ، ڈاکٹر روزینہ بِشلیا، پی ایچ ڈی، ریسرچ سپیشلسٹ سے بھی درج ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں: studentcensus@hdsb.ca

تمام طلباء، خاندانوں، عملہ اور کمیونٹی کو عزت دینے کی ہماری روایت بڑھانے کی مسلسل کوشش میں ہم سے تعاون پر آپ کا بے حد شکریہ۔

مخلص،

سٹیورٹ ملر

ڈائریکٹر آف ایجوکیشن

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ